قرآنی سبق } دارالاشاعت پنجاب بچوں اور عورتوں کے لئے ایک عرصہ سے مفید کتابیں شائع کر رہا ہے۔ گذشتہ نصف صدی میں اس ادارہ نے بچوں، عورتوں اور لڑکیوں کے لئے جو کتابیں شائع کی ہیں وہ ہمارے تہذیبی لٹریچر کا گراں قدر سرمایہ ہے۔

زیرنظر کتاب شاہ محمد جعفر صاحب ندوی نے دارالاشاعت کی فرمائش پر مرتب کی ہے! اس کتاب میں قرآنِ کریم کی آیات سے ایسے اسباق مرتب کئے گئے ہیں جو اخلاق، سیرۃ اور شخصیت کی تعمیر پر اثر انداز ہو سکتے ہیں۔ بدقسمتی سے اُردو زبان میں غیر ضروری عنوانات پر کثرت سے کتابیں موجود ہیں لیکن ایسے ٹھوس اور تعمیری عنوانات پر بہت کم توجہ اہلِ قلم اصحاب نے کی ہے۔ ضرورت ہے کہ یہ کتاب ہر بچّے کو پڑھائی جائے۔ اسکولوں کی طرف سے بچّوں کے لئے جو لائبریریاں قائم ہیں، اُن میں بھی اس کتاب کا ہونا ضروری ہے۔ بلکہ ہماری رائے تو یہ ہے کہ اسے نصاب درس میں شامل ہونا چاہیئے۔ کتابت اور طباعت نہایت عمدہ۔ ضخامت بڑے سائز کے ۸۸ صفحات۔ قیمت دو روپیہ۔

رحیق } پاکستان میں خالص علمی، تحقیقی اور سنجیدہ قسم کے صحائف اور مجلات کی بہت کمی ہے۔ یہ صحیح ہے کہ ایسے رسالوں کی مانگ کم ہے۔ اُن کا حلقۂ اشاعت علمی رسائل کی طرح وسیع نہیں ہو سکتا۔ لیکن اس کے باوجود اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ ملّت کی ذہنی اور فکری تعمیر اور تربیت میں جتنا حصّہ یہ محدود حلقۂ اشاعت رکھنے والے رسالے لیتے ہیں وہ کثیر الاشاعت رسالے نہیں لے سکتے ہیں جن کا واحد مقصد تخریب ہے۔

مولانا عطاء اللہ حنیف نے "رحیق" نکال کر علم و ادب کی بہت بڑی خدمت کی ہے۔ "رحیق" کے اب تک صرف چند نمبر نکلے ہیں لیکن بلاخوف تردید کہا جا سکتا ہے کہ اُس نے جو اونچا معیار قائم کر دیا ہے، اس کی بناء پر یہ توقع بیجا نہیں کہ بہت جلد اُس کا شمار ہندوستان اور پاکستان کے بہترین رسائل میں ہونے لگے گا۔

سالانہ چندہ چھ روپے۔ فی پرچہ آٹھ آنے۔

ملنے کا پتہ۔ دفتر "رحیق" شیش محل روڈ۔ لاہور